سوال

(84) بے نمازی،ناڑی باز شراب خور سے حسن سلوک

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سائل یا مسافر یا پڑوسی یا قرابتدار جو غیر متعصب پرہیز گار حنفی ہوں یا بے نمازی ہوں یا ناڑی باز، شراب خور ہوں ان کے ساتھ کھانا کپڑا پشہ غلہ وغیرہ کے ذریعہ سلوک اور احسان کرنے سے ثواب ملیگا یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نیک صالح غیر متبدع مسلمان کے ساتھ سلوک واحسان کرنے سے ہر حال میں ثواب ملیگا۔ مَن ذَا الَّذي يُقرِضُ اللَّهَ قَرضًا حَسَنًا فَيُضاعِفَهُ لَهُ أَضعافًا كَثيرَةً - وَما تُقَدِّموا لِأَنفُسِكُم مِن خَيرٍ تَجِدوهُ عِندَ اللَّهِ (قرآن کریم) وغیرہ ذلک من الایات۔

اور فاسق فاجر یا بدعتی ومشرک کے ساتھ سلوک کرنے کا ثواب اس وقت ملیگا جب وہ خستہ حال مضطر وپریشان فاقہ زدہ ہو آنحضرتؐ فرماتے ہیں فی کل کبد رطبۃ اجر (بخاری) عبداللہ رحمانی محدث دہلے جلد ۹ شمارہ ۹

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 10 ص 246

محدث فتویٰ